शहीद

شہید

اداکاران

منوج کمار۔ کامنی کوشل

نروپا رائے۔ پران

قیمت دس نئے پیسے

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

شہید فلم کے گانے

گانا نمبر ۱

پگڑی سنبھال جٹا پگڑی سنبھال اوئے
پگڑی سنبھال تیرا لُٹ گیا مال اوئے
تُو دھرتی کی مانگ سنوارے موٹے کھیت جگائے
سارے جگ کا پیٹ بھرے تو ان داتا کہلائے
پھر کیوں بھوک تجھے کھاتی ہے
اور تو بھوک کو کھائے
لُٹ گیا مال تیرا لُٹ گیا مال اوئے
دیکر اپنا لہو پسینہ تُو نے فصل لگائی
آندھی دیکھے طوفاں جھیلے دیتا سبھی اٹھائی
فصل پکی تو لے گئے ظالم تیری نیک کمائی
اٹھ اور اٹھ کے خاک کے ذرے
ایک ستارہ بن جا
بجھا بجھا ہے دل کیوں تیرا ایک انگارہ بن جا
او صدیوں کے بھٹکے پانی تپتی دھارا بن جا
کب تک بیٹھا دیکھے گا تو ہاتھوں کی یہ لکیریں
توڑ غلامی کی یہ پرانی زنگ بھری یہ زنجیریں
ہمت ہو تو بن جاتی ہیں سب بگڑی تقدیریں

گانا نمبر ۲:- جوگی ہم تو لُٹ گئے تیرے پیار میں
جانے تجھ کو خبر کب ہو گی
چند ابھی دیکھا تارے بھی دیکھے دیکھا سورج ہر سوں
لیکن جس دن تجھ کو دیکھا
من بن پھولی سرسوں
چمپا کی ڈالی میں اڑی چڑیا رانجھے ان چھڑائی
جس رانجھے کو دل دے بیٹھی اُس کو لگن پرائی
ہرا موا ان بیرن انکھیوں کا کر بیٹھی نادانی
پہلے آگ لگا دی من میں اب برسائے پانی
گانا نمبر ۳:- جانے بھی گئے کتنے بھی گئے
آزادی کے پروانے
جینا تو اُس کا جینا ہے
جو مرنا وطن پہ جانے
گانا نمبر ۴:- سارے وطن اے وطن ہم کو تیری قسم
تیری راہوں میں جاں تک لٹ جائیں گے
پھل کیا چیز ہے تیرے قدموں پہ ہم
بھینٹ اپنے سروں کی چڑھا جائیں گے
سہہ چکے ہیں ستم ہم بہت غیر کے
اب کریں گے ہر اک وار کا سامنا
جھک سکے گا نہ اب سرفروشوں کا سر
چاہے ہو خونی تلوار کا سامنا

سر پہ باندھے کفن ہم تو چلتے ہوئے
موت کو گلے سے لگا جائیں گے

کوئی پنجاب سے کوئی مہاراشٹر سے
کوئی یوپی سے کوئی بنگال سے
تیری پوجا کی تھالی میں لائے ہیں ہم
پھول ہر رنگ کے آج ہر ڈال سے
نام کچھ بھی سہی پر لگن ایک ہے
جوت سے جوت دل کی جگائیں گے ہم

ہم رہیں نہ رہیں اس کا کچھ غم نہیں
تیری راہوں کو روشن تو کر دیں گے ہم
خاک میں مل گئی زندگی تو کیا
مانگ تیری ستاروں سے بھر دیں گے ہم
رنگ اپنے لہو کا تجھے دے کے ہم
تیرے گلشن کی رونق بڑھا جائیں گے

ہم وہ جاں باز ہیں جو تیرے نام پہ
نکلے میدان میں مٹی تیری چوم کے
تجھ کو آزاد دیکھیں اسی چاہ میں
سولیوں پر بھی چڑھ جائیں گے جھوم کے
شمع جلتی رہے تیری ہر دور میں
تیرے پروانے خود کو مٹا جائیں گے

تیری جانب اٹھی جو کہر کی نظر

اُس نظر کو جھکا کے ہی دم لیں گے ہم
تیری دھرتی پہ ہے جو قدم غیر کا
اُس قدم کا نشاں تک مٹا دیں گے ہم
جو بھی دیوار آئے گی اب سامنے
ٹھوکروں سے اُسے ہم گرا جائیں گے

سنکر رخصت کرو ہم کو اے ساتھیو
پوری کرنے ہم اپنی قسم چل دیئے
راکھی باندھی تھی بھی بہنا نے جس ہاتھ میں
پہن کر ہتھکڑی اُس میں ہم چل دیئے
ہم نہ دیکھیں گے کل کی بہاریں تو کیا
تم کو تو وہ بہاریں دکھا جائیں گے

تُو نہ رونا تُو ہے بھگت سنگھ کی ماں
مر کے بھی لال تیرا مرے گا نہیں
گھوڑی چڑھ کے تو لاتے ہیں دُلہن سبھی
ہنس کے ہر کوئی پھانسی چڑھے گا نہیں
عشق آزادی سے عاشقوں نے کیا
دیکھ لینا اُسے ہم بیاہ لائیں گے

جب شہیدوں کی ارتھی اُٹھے دھوم سے
دیش والو تم آنسو بہانا نہیں
پر منائو جب آزاد بھارت کا دن
اُس گھڑی تم ہمیں بھول جانا نہیں

بٹ کر آسکے نہ جہاں میں تو کیا
یاد بن کے دِلوں میں تو آجائیں گے

گانا نمبر ۵:۔ ایک سے کرنا نہیں کیوں
دوسرا کچھ بات چیت
دیکھتا ہوں میں جیسے وہ
چُپ تیری محفل میں ہے

گانا نمبر ۶:۔ سرفروشی کی تمنا اب ہمارے دِل میں ہے
دیکھنا ہے زور کتنا بازوِ قاتل میں ہے
وقت آنے پر بتا دیں گے تجھے اے آسماں
ہم ابھی سے کیا بتائیں
کیا ہمارے دِل میں ہے
کھینچ کر لائی ہے سب کو
قتل ہونے کی اُمید
عاشقوں کا آج جمگھٹ
کُوچۂ قاتل میں ہے

گانا نمبر ۷:۔ میرا رنگ دے بسنتی چولا
آ میرا رنگ دے بسنتی چولا
بڑا ہی گہرا داغ ہے یارو
جس کا غلامی نام ہے
اُس کا جینا بھی کیا جینا
جس کا دیش غلام ہے

سینے میں جو دل تھا یارو
آج زیادہ مشعلہ
دم نکلے اس دلیش کی خاطر
بس اتنا ارمان ہے

ایک بار اس راہ میں مرنا سو جیوں کے سمان ہے
دیکھ کے دیروں کی قربانی اپنا دل بھی بولا
جس چولے کو پہن شیوا جی کھیلے اپنی جان پر
جسے پہن کے جھانسی کی رانی مٹ گئی اپنی شان پر
آج اسی کو پہن کے نکلا
ہم متوالوں کا ٹولا

تمام مشہور فلم ایکٹنگ گائڈ کا مطالعہ کیجیے

اس کتاب میں ایکٹر بننے کے طریقے درج کئے گئے ہیں۔ ایکٹنگ کیا ہے۔ اور کیسے کیا جاتا ہے۔ ایکٹر بننے اور بھرتی ہونے کے لئے کیا کیا ہونا ضروری ہے۔ تمام باتیں آسان اردو زبان میں لکھی گئی ہیں۔ آخر میں تمام مشہور فلم کمپنیوں کے پتے بھی درج کر دیئے گئے ہیں۔ تاکہ ہر شخص کو ان سے خط و کتابت کرنے میں آسانی ہو۔

قیمت صرف ۱/۱۰/- محصول ڈاک معاف
رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

صنعت وحرفت کی کتابیں

الیکٹرک گائڈ 4/-/-	مکمل عطر سازی 2/-/-
ورکشاپ گائڈ 4/-/-	گھڑی سازی 2/4/-
موٹر گائڈ 4/-/-	ریڈیو گائڈ 4/-/-
کروڈ آئیل 5/-/-	صابون سازی 1/8/-
دستکر مادرین 6/-/-	مکمل مرغی خانہ ہر حصہ 4/-/-
الیکٹرک وائرنگ 4/-/-	تمباکو کی دوکان 2/-/-
خراد سکھنا 3/-/-	بوٹ پالش بنانا 2/8/-
آئیل انجن گائڈ 5/-/-	سینما مشین اپریٹر 4/-/-
کپڑے رنگنے کا ہنر 2/-/-	شیشہ سازی 2/-/-
مکمل فوٹوگرافی 2/8/-	اچار مربے چٹنی 1/8/-
روشنائی سازی 2/-/-	باورچی خانہ 2/8/-
خوبصورت بنو 1/8/-	مجموعہ فالنامہ 1/-/-
ٹریکٹر گائڈ 4/-/-	بیکری بسکٹ بنانا 2/-/-
جنتری پیمائش چوب 1/4/-	بغیر بجلی کا ریڈیو بنانا 1/8/-
کپڑے دھونے کا ہنر 2/-/-	آسان انگلش ٹیچر 2/-/-
گلشنکاری باغبانی 4/-/-	دھوپ اگربتی بنانا 1/8/-

ملنے کا پتہ

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی